کولٹن کی قیادت سکول بجٹ میں بچوں اور والدین کے لیے امید کی کرن

تعلیم کے لیے جدوجہد کرنے کے لیے رکن اسمبلی کولٹن کا شکریہ

2017-2018 کے بجٹ میں بچوں کے لیے فنڈز میں اضافہ

- سکولوں کے لیے 25.7 ارب ڈالر، مجموعی طور پر 943 ملین ڈالر کا اضافہ
- سکول فاؤنڈیشن ایڈ میں 700 ملین ڈالر کا اضافہ، مستقبل میں ضرورت کی بنیاد پر فاؤنڈیشن فارمولا لاگو کرنے کی کوششیں ناکام
- یونیورسل پری کنڈر گارٹن کے لیے 817 ملین ڈالر، بیشتر NYC میں 35 ملین ڈالر، بعد از سکول پروگراموں کے لیے
- بصارت و سماعت سے محروم طلبا کے لیے 4201 سکولوں کے لیے 103 ملین ڈالر، ایڈوانس پلیسمنٹ (AP) ٹیسٹ اسسٹنس کے لیے 2 ملین ڈالر
- 25 ملین ڈالر ٹیکنالوجی پراجیکٹس اور 25 ملین ڈالر غیر سرکاری سکولوں، ڈے کیئر اداروں اور کمیونٹی سنٹرز کی سکیورٹی اپ گریڈز کے لیے
- بجٹ میں غیر سرکاری سکولوں کو STEM اساتذہ بھرتی کرنے کے لیے 5 ملین ڈالر، حفاظتی ادویات کے ضوابط پر عمل درآمد میں مدد کے لیے 7 ملین ڈالر جبکہ غیر سرکاری سکولوں کے امدادی فنڈ کے لیے 8 ملین ڈالر رکھے گئے ہیں

”ہمارے بہترین اثاثوں میں سے ایک، ہمارے بچے ہیں۔ سکولوں کو مطلوبہ وسائل اور فنڈز مہیا کر کے ہم اپنے تمام بچوں کے لیے اعلیٰ ترین معیار کی تعلیم یقینی بنا سکتے ہیں۔“

~ ولیم کولٹن

کمیونٹی آفس، 155 کنگز ہائی وے، بروکلین، NY 11223

رکن اسمبلی

ولیم کولٹن

کمیونٹی سمر 2017

ہماری اور ہماری کمیونٹی کی حفاظت



مسٹر کولٹن کے لیے تعلیم ہمیشہ اولین ترجیح رہی ہے۔

رکن اسمبلی کولٹن کے ساتھ ہیں ان کی کمیونٹی ریلیشنز ڈائریکٹر نینسی ٹونگ (Nancy Tong)۔ اپنی قیادت میں کمیونٹی ڈرائیو کے دوران انہوں نے فاؤنڈیشن فارمولا برقرار رکھنے اور اس میں اضافے کے حق میں ایک ہزار سے بھی زائد شہریوں کے دستخط حاصل کیے۔ اس موقعہ پر ٹونگ نے کہا، ”ہم شکرگزار ہیں کہ ریاسی مقننہ نے ایسا بجٹ منظور کیا ہے جس سے ہمارے بچوں کو معیاری تعلیم کے لیے فنڈز میں اضافہ ہو گا۔“

مسٹر کولٹن کی طرف سے ایکسلسیئر کنی اینڈ سنی سکالرشپ پروگرام کی تعریف

نئے منظور بجٹ میں سٹی یونیورسٹی آف نیویارک (CUNY) اور سٹیٹ یونیورسٹی اف نیویارک (SUNY) کالجز کے ماتحت کمیونٹی کالجز اور چار سالہ ڈگری والے کالجز میں اہل خاندانوں کے لیے مفت تعلیم کے لیے رقم مختص کی گئی ہے۔

مذکورہ بالا پلان کے مطابق رواں سال خزاں میں 100,000 ڈالر سالانہ، 2018 کی خزاں میں 110,000 ڈالر سالانہ اور 2019 کی خزاں میں 125,000 ڈالر سالانہ تک کی آمدن والے خاندانوں کے لیے TAP اور PELL امدادی فنڈ استعمال کرنے کے بعد انہیں سبسڈی مہیا کی جائے گی۔ اس کے لیے لازمی ہے کہ طالب علم CUNY یا SUNY کا فل ٹائم طالب علم ہو، اپنی ڈگری وقت پر مکمل کرتا ہو، سال میں اوسطاً 30 کریڈٹ لیتا ہو، گریڈ پوائنٹ کی اوسط ایسی ہو کہ سمسٹر موثر انداز میں پورا ہوتا ہو۔

لائبریریز کے فنڈز میں کمی واپس

لائبریریز بچے کی ذہنی نشوونما کے ساتھ ساتھ تمام گھر والوں کے معیار زندگی کو بھرپور بنانے کے لیے اہم حصہ ہیں۔ رکن اسمبلی کولٹن کی طرف سے فنڈنگ کے لیے مطالبوں کے باعث بجٹ میں سرکاری لائبریریوں کے 4 ملین ڈالر کا فنڈ بحال کر دیا گیا ہے تاکہ وہ بچوں اور اہل علاقہ کو خدمات و سہولیات کی فراہمی جاری رکھ سکیں، مجموعی طور پر یہ رقم 95.6 ملین ڈالر ہے۔ اس کے ساتھ بجٹ میں کیپٹل فنڈنگ کی مد میں 10 ملین ڈالر، مجموعی طور پر 24 ملین ڈالر، لائبریریوں کے عمارتی ڈھانچے کی دیکھ بھال کے لیے رکھے گئے ہیں۔

رکن اسمبلی کولٹن کا کمیونٹی آفس

آپ کی خدمت کے لیے حاضر

155 کنگز ہائی وے
(گلی نمبر ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 کے درمیان)
بروکلین، NY 11223-1026
718-236-1598
ای میل: **coltonw@nyassembly.gov**

پیر - بدھ.......................... 10 صبح سے 4 سہ پہر
جمعرات............................... دوپہر سے 8 رات
جمعہ................................... 10 صبح سے دوپہر

ان معاملات میں مدد کے لیے خود تشریف لائیں یا کال کریں:

EPIC	STAR Rebates	ریاستی/شہری اداروں
DRIE	رہائش کے مسائل	سمال بزنس
قانونی معاونت	فیملی ٹیکس کریڈیٹس	ٹیکس کریڈٹ
SCRIE	ویٹرنز بینیفٹ	اور بہت کچھ!!!
HeartShare	ہیلتھ انشورنس	
فوڈ سٹیمپس	HEAP	

✂ یہاں سے پھاڑیں

پہلے مجھے اپنے تحفظات سے آگاہ کیجیے

مجھے خوشی ہو گی اگر آپ چند منٹ نکال کر اپنے مسائل اور تحفظات کا خلاصہ یہاں بیان کریں اور اسے میرے دفتر کے پتے پر ارسال کر دیں۔

____

____

____

نام ____________________ فون ____________________

پتہ ____

اپارٹمنٹ __________ زِپ ________________________

ای میل: ____________________________________

اسے رکن اسمبلی کولٹن کے دفتر واقع 155 کنگز ہائی وے، بروکلین، NY 11223 پر واپس بھیج دیں۔